اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ o اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال:- السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

افتاء مکتب سے رہنمائی لینے سے پہلے مدرسین اسلامی بھائی کبھی فری ٹائمنگ میں کھانے کی ترکیب کرتے تھے اور دوران درجہ بھی چائے کے ساتھ بسکٹ وغیرہ کھاتے تھے ان کی الگ الگ رہنمائی فرمادیں

(1) کہ جو دوران درجہ بسکٹ وغیرہ تناول فرماتے رہے ان کی کٹوتی ہو گی یا نہیں (کیونکہ فری ٹائمنگ جس میں طالب علم چھٹی وغیرہ پر ہوں اس وقت میں تو ہلکا پھلکا کھانے کی اجازت ہے، مگر دوران درجہ افتاء مکتب نے منع فرمایا ہے

(2) جو فری ٹائمنگ میں برگر شوارما، یا ایسی چیزیں جنہیں کھانا کہا جاسکے کھاتے پیتے رہے ان کی کٹوتی ہو گی یا نہیں

جواب:فری وقت میں تو کٹوتی نہیں ہو گی اور دوران اجارہ اگر ٹی کے ساتھ بسکٹ فقط ہوں تو کٹوتی نہیں لیکن پورا کھانا کھانا اور اس کی عادت بنا لینے پر کٹوتی ہو گی۔انس

(افتاء آفس مرکزالاولیاء لاہور) (28-10-2017)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)